سوال

(568)زید نے مبلغ دو سو روپے سے تجارت کپڑا شروع کیا   الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے مبلغ دو سو روپے سے تجارت کپڑا شروع کیا۔ ایک سال کے اندر منافع سے کچھ زمین خرید کیا۔ اب موجودہ مال از قسم کپڑا اور کچھ نقدی ہے۔ اس میں زکواۃ نکالنے کی کیا صورت ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سارے مال کا تجارتی اصول سے چٹھا بنالیں اور جو نقدی ہے اس کو بھی اس میں ملا کر چالیسواں حصہ زکواۃ ادا کر دی جائے۔ زمین اگر مزروعہ ہے تو عشر اور نصف عشر ادا کریں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد01ص735

محدث فتویٰ